بسم الله الرحمن الرحیم

THE HAQ CHAR YAAR WEBSITE
IS DEDICATED IN THE NAME OF
THE COMPANIONS [R.A]
OF
PROPHET [PEACE BE UPON HIM].
WE ARE REVEALING THE TRUTH AND
FACTS ABOUT THE ANTI SAHABAH [R.A]
PROPAGANDA OF
THE NON MUSLIM ORGANIZATIONS.

WWW.KR-HCY.COM

الحمد لله وحده والصلوة والسلام علی من لانبی بعده اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم هوالذی ارسل رسوله بالهدی ودین الحق لیظهره علی الدین کله ولوکره المشرکون وقال الله فی مقام آخر محمد رسول الله والذین معه اشداء علی الکفار رحماء بینهم تراهم رکعا سجدا یبتغون فضلا من الله و رضوانا. سیماهم فی وجوههم من اثر السجود ذالك مثلهم فی التوراة و مثلهم فی الانجیل وقال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا رایتم الذین یسبون اصحابی فقولوا لعنة الله علی شرکم وقال فی مقام آخر اذا اظهرت البدع اولفتن وسبت اصحابی فلیظهرا لعالم علمه صدق الله وصدق رسوله النبی الکریم ،

صدر اجلاس معزز علماء کرام! غیور نوجوان ساتھیو! کافی عرصہ کے بعد آپ سے مخاطب ہونے کا شرف حاصل ہو رہا ہے۔ اپنے موضوع پر گفتگو سے پہلے ایک بات ابھی میں آپ کے ذہن میں بٹھا دیتا ہوں کہ الحمد للہ اس وقت تک میں اپنے رب پر بھروسہ کر کے کہتا ہوں کہ پاکستان کی دھرتی پر ایسا کوئی شخص کوئی طبقہ نہیں ہے جو میرے جلسے میں گڑبڑ کر جائے اور پھر وہ آرام کے ساتھ گھر چلا جائے، یہ تو میں عام آدمی کی بات کر رہا ہوں۔ پولیس میں جرات نہیں ہے جلسے میں گڑبڑ کرنے کی۔

اس رب پر بھروسہ کر کے خود کچھ نہیں، اس رب پر بھروسہ کر کے کہہ رہا ہوں اس لئے اگر کوئی آواز آئے بھی۔ کوئی آواز اٹھے۔ آپ نے اس پر نہ کان دھرنے ہیں

نہ نوٹس لینا ہے نہ جواب دینا ہے نہ ادھر دیکھنا ہے وہ آواز جانے۔ میں جانوں۔ اگر آپ وعدہ کرتے ہیں کہ آپ اس طرح میری گفتگو سنیں گے۔ تو میں گفتگو کرتا ہوں۔ ورنہ دعا کر کے جلسہ ختم کرتا ہوں،

دعوی

میں نے عرض کیا ہے انٹیلی جنس، سرکاری فرشتے، سی آئی ڈی رپورٹر، کوئی نام لیں آپ وہ میرے دعوے کے یہ الفاظ نوٹ کریں۔ دیانتداری کے ساتھ نوٹ کریں۔ ان کا احسان ہوگا مجھ پر کہ وہ میرے یہ الفاظ نوٹ کریں۔ شیعہ کائنات کا بدترین غلیظ ترین کافر ہے۔ یہ دعوی ہے۔ بڑا مختصر۔ بڑا صاف اور بڑا ستھرا اس دعوے پر میں شہادت لانا چاہتا ہوں کہ اس دعوے میں سچائی کتنی ہے اس دعوے پر میرے جو گواہ ہیں اس دعوے پر میں جو شہادت لاؤں گا وہ چودہ سو سال کی امت کے مقتدر علماء کے فتاوی جات ہوں گے۔ احادیث نبوی ہوں گی اور آخری فتوی جسے دنیا کی کوئی قوت رد نہیں کر سکتی۔ حتی کہ اس فتوے کو رسول ﷺ بھی رد نہیں کر سکتے وہ رب ذوالجلال کا فتوی لاؤں گا۔ یہ بات آج میں نے ننگی کر دینی ہے کلیئر ....کوئی شک نہ رہے کسی شخص کو.........شبہ نہ رہے.......اور یہ وہ موقف ہے جس موقف پر میں پندرہ برس سے ہر قسم کی مصیبت جھیل چکا ہوں۔ اب دنیا کی کوئی وہ قوت نہیں ہے جو مجھ سے یہ موقف چھین لے۔ یہ وہ موقف ہے آپ اندازہ نہیں کر سکتے ہیں کہ اس موقف کو پیش کرنے پر مجھے کتنی مار پڑی ہے۔ میری عادت نہیں ہے کہ میں اپنی تعریف بیان کروں۔ یا خود ثنائی پیش کروں۔ اللہ مجھے اس سے معاف رکھے یا اللہ مجھے اس سے محفوظ رکھے۔ بہر حال سوچ کر سمجھ کر۔ یہ راہ یہ لائن اختیار کی ہے اور یہ بھی صاف بات ہے کہ اس موقف کو جہاں تک میری یا سپاہ صحابہ

کی کوشش ہے وہ یہ ہے کہ ہم اس موقف کو پاکستان کے آئین میں منوانا چاہتے ہیں (انشاء اللہ) آج منوالیں۔ سال بعد منوالیں۔ پانچ سال بعد منوالیں۔ ہو سکتا ہے کہ ہماری زندگی میں ہمارا یہ موقف نہ مانا جا سکے۔ لیکن رب پر بھروسہ کر کے کہتا ہوں کہ اگر ہم نیک نیتی کے ساتھ لگے رہے تو ایک دن پاکستان کی دھرتی پر وہ آنا ہے۔ جس دن یہ موقف پاکستان کی نیشنل اسمبلی تسلیم کرے گی (انشاء اللہ) وہ دن لازما آنا چاہیے کہ جس دن پاکستان کی سرزمین پہ صدیقؓ کے دشمن کو کافر کی حیثیت سے جانا اور پہچانا جائے وہ دن آنا چاہیے۔

خیر۔۔۔۔۔۔ میں نے بغیر کسی تمہید کے دعوے کے الفاظ رکھ دیئے ہیں۔

شیعہ کائنات کا بدترین غلیظ ترین کافر ہے۔ یہ لفظ میرے یاد رہیں۔ یہ لفظ بھی میں مبالغہ، شعلہ نوائی کے طور پر نہیں کہہ رہا۔ شیعہ کائنات کا بدترین غلیظ ترین کافر ہے۔ ایک درخواست اور بھی کرتا ہوں کہ رات کا بڑا حصہ بیت گیا ہے آپ نے نعرہ بازی میں جو آج کی کرنی ہے۔ نعرے کم۔ توجہ زیادہ۔ تاکہ میں کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ گفتگو کر سکوں۔ جہاں تک میری اپنی خواہش ہے وہ یہ ہے کہ میں آج آپ کے اسٹیج سے یادگار گفتگو کرنا چاہتا ہوں یہ میری خواہش ہے اور رب سے التجا ہے آپ دعا کریں کہ اللہ رب العزت مجھے ایسی گفتگو کرنے کی توفیق بخشے آمین۔

دعوے کے الفاظ کیا ہیں؟ شیعہ کائنات کا بدترین غلیظ ترین کافر ہے۔ یہ لفظ بڑے صاف ہیں اس دعوے پر میں دلائل لانا چاہتا ہوں اور اسی گفتگو کے دوران اصحاب رسول کی مدح بھی ساتھ کروں گا جو زندگی کا مستقل نصب العین ہے،

دلیل نمبر ۱

جہاں تک میری دسترس ہے یا میں معلومات حاصل کر سکتا تھا میری نظر میں چودہ

سو سال میں کوئی مقتدر عالم۔ مفتی ایسا نہیں گزرا جس نے شیعت کا مطالعہ کیا ہو اور مطالعہ کے بعد انہیں کافر نہ کہا ہو۔ ایسا نہیں گزرہ۔ نمونہ کے طور پر چند ایک کا نام لوں گا۔ نمونہ کے طور پر۔ فقیہ امت امام وقت مالک ابن انس قرآن کریم کی آیت محمد رسول الله والذین معه اس آیت کو پیش کر کے کھلے لفظوں میں اعلان کرتے ہیں کہ شیعہ اس آیت کی روشنی میں کافر ہے۔ مالک بن انس آج کی شخصیت نہیں۔ اسے صدیاں بیت گئیں۔ اس آیت کو سامنے رکھ کر انہوں نے شیعیت پر فتوی کفر دیا۔ جو آج بھی تفاسیر میں موجود ہے۔ آپ قرآن کریم کی متعدد تفاسیر اٹھائیے۔ اس آیت پر امام مالک کا یہ فتوی آپ کو مل جائے گا۔ آسان سے آسان تفسیر شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی کی ہے۔ اس آیت پر امام مالک کا یہی فتوی آپ کی نظر سے گزرے گا۔ آپ کی تسلی کے لئے یہ فتاوی جات چند ایک میں لاؤں گا۔ دعوی میرا یہی ہے کہ چودہ سو سال میں کوئی عالم کوئی مفتی جس نے شیعیت کا مطالعہ کیا ہو۔ اس نے توقف نہیں کیا۔ اس نے شیعہ اثنا عشری کو کافر ہی کہا ہے اور کہنا چاہئے تھا۔

دلیل نمبر ۲

فقہ حنفی کی معتبر ترین کتاب فتاوی عالمگیر جسے اورنگزیب عالمگیر نے اپنی نگرانی میں ترتیب دلوایا۔ تقریبا پانچ صد مقتدر علماء اس فتوے کو ترتیب دینے میں شریک ہوئے۔ فتاوی عالمگیر میں کھلے الفاظ میں یہ حقیقت درج ہے۔ من انکر صحبت ابی بکر فھو کافر یہ بھی آج کی بات نہیں۔ اسے بھی صدیاں بیت گئیں۔ ابھی نہ میں پیدا ہوا تھا نہ میرا باپ حتی کہ میرا دادا بھی ابھی پیدا نہیں ہوا تھا جس دن پانچ سو مقتدر علماء اپنے قلم

سے صدیق اکبرؓ کے دشمنوں کو کافر تحریر کر رہے تھے۔

دلیل نمبر ۳

مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ جس کی جرات۔ بہادری تاریخ کی مسلمہ حقیقت ہے۔ تنہا جس نے وقت کے جابر سلطان کی آنکھ میں آنکھ ڈال کر بات کی۔ تنہا۔ قلعہ گوالیار میں لمبی نظر بندی برداشت کی۔ امت مسلمہ سے مجدد کا لقب حاصل کیا۔ یہی مجدد اپنے مقدس قلم کے ساتھ تحریر کرتے ہیں کہ شیعہ مسلمان نہیں کافر ہے اور یہ کب تحریر کیا ہے؟ علماء ماوراء النھر لکھ چکے تھے کہ شیعہ مسلمان نہیں، شیعہ اثنا عشری نے ماوراء النھر کے علماء کا جواب لکھا تھا کہ ہم کافر نہیں مسلمان ہیں۔ تمہارا فتوی غلط ہے۔ مجدد الف ثانیؒ نے قرآن وسنت کے واضح دلائل کے ساتھ شیعہ کے جوابی فتوے کا رد کرتے ہوئے علماء ماوراء النھر کے علماء کی تائید کی اور اپنے مشہور رسالہ، رد الرفض میں تحریر کیا کہ شیعہ کائنات کا بدترین کافر ہے۔ مجدد الف ثانیؒ کو آج پانچویں صدی جارہی ہے۔ چار سو سال گزر چکے ہیں۔ پانچویں صدی شروع ہے۔ یہ بات بھی آج کی نہیں۔ گویا بہت پرانی ہے اور آج بھی مجدد الف ثانیؒ کا یہ فتوی اسی دنیا میں موجود ہے۔ آپ اسے لے کر مطالعہ کر سکتے ہیں۔

دلیل نمبر ۴

مجدد الف ثانیؒ کے بعد ملت اسلامیہ کا عظیم قائد برصغیر کا عظیم محدث امام الاولیاء راس الاتقیاء شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ۔ اللہ اس عظیم قائد کی قبر پر کروڑوں

رحمتیں نازل فرمائے (آمین) اپنی معتبر ترین کتاب تفہیمات الٰہیہ میں اپنا ایک خواب نقل کرتے ہیں کہ خواب کی حالت میں مجھے رسالت مآب ﷺ کی زیارت ہوئی۔ شاہ ولی اللہ فرماتے ہیں اور میں نے خواب ہی میں ان سے سوال کیا کہ آقا میں شیعوں کو کیا سمجھوں؟ فرماتے ہیں مجھے آقا ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ شیعوں کا مسئلہ امامت پڑھ لیجئے۔ حقیقت کھل جائے گی۔ صبح اٹھا۔ از سر نو شیعہ کا عقیدہ امامت پڑھا۔ پڑھنے کے بعد، مطالعہ کرنے کے بعد فیصلہ دیا کہ شیعہ زبان سے اقراری ہے کہ محمد رسول اللہ ﷺ آخری نبی ہیں۔ لیکن فی الحقیقت شیعہ اثنا عشری محمد رسول اللہ ﷺ کی ختم نبوت کے قائل نہیں ہیں یہ خاتم الانبیاء کے بعد بارہ نبی مانتے ہیں۔ آپ بخوبی جانتے ہیں کہ ختم نبوت کا منکر مسلمان نہیں ہے۔ یہ حقیقت ہر مسلمان پر واضح ہے۔

دلیل نمبر ۵

شاہ صاحب نے تو اتنا فتویٰ لکھ دیا۔ میں تھوڑی سی تفصیل آپ کو سمجھانے کے لئے عرض کرتا ہوں کہ شیعہ کا عقیدہ امامت کیا ہے۔ شیعہ کا عقیدہ امامت یہ ہے کہ امام معصوم ہوتا ہے۔ اس کی اطاعت فرض ہوتی ہے۔ اس پر باطنی وحی اترتی ہے۔ ہر سال شب قدر میں اس پر سارے سال کے احکام آتے ہیں۔ اس سال میں وہ انہیں احکام پر عمل کرتا ہے۔ اگلے سال کے لئے آئندہ سال شب قدر میں پھر نئے احکام اترتے ہیں۔ امام کو حق حاصل ہے جس حلال کو چاہے حرام کردے اور جس حرام کو چاہے حلال کردے ------ امام سوتا ہے---- اس کا وضو نہیں ٹوٹتا--------- امام آگے بھی دیکھتا ہے۔ ---- پیچھے بھی دیکھتا ہے برابر------ امام کے ہاتھ پر معجزات ظاہر ہوتے ہیں---- امام کی پیدائش عام انسانوں کی طرح نہیں ہوتی------ بلکہ وہ والدہ کی ران سے پیدا ہوتا

ہے۔۔۔۔۔عام انسانوں کی طرح پیدا نہیں ہوتا۔۔۔۔۔۔والدہ کی ران سے پیدا ہوتا ہے۔امام کا درجہ اللہ کے تمام مقتدر رسولوں سے بلند، بالا۔ اعلیٰ اور ارفع ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔ یہ عقیدہ ہے شیعہ کا عقیدہ امامت۔۔۔۔۔۔امام معصوم امام پر باطنی وحی آتی ہے۔۔۔۔امام کی اطاعت فرض ہے۔امام والدہ کی ران سے پیدا ہوتا ہے۔امام کا نیند کی حالت میں وضو نہیں ٹوٹتا۔امام آگے اور پیچھے برابر دیکھتا ہے۔امام کے جسم سے خوشبو آتی ہے۔امام کا درجہ تمام انبیاء سے بلند بالا، ارفع اور اعلیٰ ہوتا ہے۔البتہ بعض شیعہ اثنا عشری نے یہ تحریر کیا کہ محمد رسول اللہؐ سے اماموں کا درجہ کم ہے اور باقی تمام نبیوں سے افضل ہے لیکن پندرھویں صدی کا شیعہ کا قائد اور راہنما ایران کا خمینی کھلے لفظوں میں اپنی کتاب حکومت اسلامیہ میں لکھتا ہے کہ بارہ اماموں کا درجہ ہر فرشتہ سے بلند ہے۔۔۔۔۔ہر رسول سے بلند ہے۔۔۔۔۔ ابھی میں نے تقریر نہیں شروع کی۔ میں نے بہت کچھ کہنا ہے اور صرف کہنا ہی نہیں۔ میری آج کی گفتگو تیز دھار تلوار ہے۔ تیز دھار۔۔۔۔۔۔لیکن دلائل سے۔۔۔۔۔۔بلا دلیل نہیں۔۔۔۔۔۔اس لئے ابھی آپ اپنے آپ کو تیار کریں میں خود کہلواؤں گا جو کہلواؤں گا۔

شیعہ کا عقیدہ امامت یہ ہے جو میں نے آپ کے سامنے رکھا ہے۔ خمینی نے یہ وضاحت کردی کہ بارہ اماموں کا رتبہ تمام فرشتوں سے تمام رسولوں سے بلند ہے۔ یہ وہ عقیدہ امامت ہے جس عقیدہ امامت کی بنیاد پر شاہ ولی اللہؒ محدث دہلوی نے بہت پہلے یہ تحریر کردیا تھا کہ شیعہ اثنا عشری ختم نبوت کے قائل نہیں بلکہ بدترین منکر ہیں اور جب ختم نبوت کے منکر ہیں تو مسلمان نہیں ہیں اور یہ بھی شاہ ولی اللہؒ نے اپنے پاس سے نہیں بلکہ رسول ﷺ کی زیارت کے بعد رسالت مآب ﷺ کے حکم کے بعد اس مسئلہ کو از سر نو

پڑھ کر، ازسر نو تحقیق کے بعد پوری جرات کے ساتھ یہ تحریر کیا ہے کہ شیعہ بے شک زبان سے ہزار مرتبہ کہتے رہیں کہ ہم ختم نبوت کے قائل ہیں۔ لیکن حقیقتا وہ ختم نبوت کے قائل نہیں۔ تفہیمات الٰہیہ آج بھی موجود ہے شاہ ولی اللہ کی یہ تصنیف آج بھی موجود ہے۔ فارسی زبان میں موجود ہے۔ آپ میں سے جس شخص کا دل چاہے وہ اس کتاب کو پڑھ سکتا ہے۔ تحقیق کر سکتا ہے اور شاہ صاحب کے یہی الفاظ اپنی آنکھوں سے دیکھ سکتا ہے،

دلیل نمبر ۶

میں آج کی بات نہیں کر رہا۔ نہ ہم نے کوئی نیا مسئلہ چھیڑا ہے۔ نہ ہم نے کوئی جدت پیدا کی ہے۔ نہ ہم نے بلاوجہ امت میں انتشار کی راہ اختیار کی ہے۔ ہم وہی بات کہہ رہے ہیں جو صدیوں سے ملت کے مقتدر علماء قرآن و سنت کی روشنی میں کہتے چلے آرہے ہیں۔ شاہ ولی اللہؒ سے پہلے مجھے ایک اور شخصیت کا نام لینا چاہیے بلکہ مجدد الف ثانیؒ سے بھی پہلے۔ علامہ ابن تیمیہ جو علم کا جبل احد تھا جو علم کا بحر بے کنار ...... جو علم کا سمندر تھا...... جس کی جرات و بہادری یہ ہے کہ اس کا جنازہ نظر بندی کی صورت میں اٹھا ہے۔ اس نے اس وقت کے حکمران کے سامنے جھکنا گوارہ نہیں کیا اور جس کے علمی شغف کا یہ عالم ہے کہ اس سے کاغذ چھین لیا گیا ہے اس سے قلم چھین لیا گیا ہے اس سے سیاہی چھین لی گئی ہے اس نے کوئلے کے ساتھ درختوں کے پتوں پر امت کی راہنمائی کی ہے اور جیل میں بیٹھ کر۔ قید میں بیٹھ کر امت کو ہدایات دیتے رہے ہیں۔ یہی ابن تیمیہ السارم المسنون علی شاتم الرسول میں تحریر کرتے ہیں کہ شیعہ کائنات کا بدترین کافر ہے آپ آج ابن تیمیہؒ کی یہ کتاب بھی اپنی آنکھوں سے پڑھ سکتے ہیں اور اس میں ابن تیمیہ کا یہ فتویٰ اپنی آنکھوں سے ملاحظہ کر سکتے ہیں،

دلیل نمبر ۷

گرامی قدر! شاہ ولی اللہ تک میں آگیا۔ اس سے آگے نکلیئے۔ شاہ ولی اللہ کا ہونہار بیٹا۔ شاہ ولی اللہ کا لخت جگر۔ شاہ ولی اللہ کا صحیح جانشین۔ عبدالعزیز محدث دہلویؒ جس نے تحفہ اثنا عشری لکھ کر ہمیشہ کے لئے شیعیت کے مضبوط قلعوں میں وہ کیل گاڑ دیا ہے جو قیامت تک کی نسل شیعیت وہ کیل نہیں چھین سکے گی۔ شاہ عبدالعزیزؒ فتاوی عزیزی میں تحریر کرتے ہیں کہ فقہ حنفی کا مفتیٰ بہ قول یہ ہے کہ،

مفتیٰ بہ کہتے ہیں کہ جس قول پر فتوی دیا جائے، سادہ زبان میں عرض کر رہا ہوں۔ شاہ عبدالعزیزؒ محدث دہلوی لکھتے ہیں فتاوی عزیزیہ میں کہ فقہ حنفی کا مفتی بہ قول یہ ہے کہ شیعہ کافر ہے اس کے ساتھ سنی بچی کا نکاح نہیں کیا جاسکتا۔ یہ وہ خاندان ہے جس خاندان نے برصغیر میں سیاست کو پروان چڑھایا ہے۔ یہ وہ خاندان ہے جس نے برصغیر میں بڑی بڑی حکومتوں سے ٹکر لی ہے یہ وہ خاندان ہے کہ جس نے برصغیر میں حکمرانوں کی آنکھ میں آنکھ ڈال کر بات کی ہے لیکن کتنی جرات کے ساتھ یہ شیعہ کے کفر پر فتوی دیتے جارہے ہیں۔

دلیل نمبر ۸

گرامی قدر۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے بعد اور آگے آجائیے۔ علماء اہلسنت دارالعلوم دیوبند کے بانی علماء دیوبند کی ریڑھ کی ہڈی۔ قطب الاقطاب۔ شیخ الاسلام۔ حجۃ اللہ فی الارض۔ جنگ آزادی کا عظیم ہیرو علامہ رشید احمد گنگوہی فتاوی رشیدیہ میں ایک سوال کا جواب لکھتے ہیں۔ سائل پوچھتا ہے کہ ایک عورت سنی العقیدہ ہے۔ مغالطہ میں اس کا

نکاح شیعہ سے ہو گیا ہے اسے اب طلاق لینے کی ضرورت ہے یا بغیر نکاح کے جدا ہو جائے گی ۔۔۔۔۔۔۔ کہ نکاح ہوا ہی نہیں ؟ ۔۔۔۔۔۔۔۔ آیا نکاح منعقد ہو گیا ہے یا نہیں ؟ ۔۔۔۔ وہ سنی عورت طلاق لے یا نہ ؟ ۔۔۔۔۔۔ بغیر طلاق کے جدا ہو سکتی ہے یا اس کا نکاح منعقد ہو گیا ہے اسے تنسیخ کرانی پڑے گی ؟ نمبر ایک ۔۔۔۔۔ نمبر دو باپ سنی تھا اولاد شیعہ ہو گئی یہ اپنے اس باپ کے وارث بن سکتے ہیں یا نہ ؟ قطب وقت ، ابو حنیفہ وقت ، جنگ آزادی کا عظیم مجاہد۔ انتہائی متقی پرہیز گار عالم اور میں نے عرض کیا ہے دیوبند کی ریڑھ کی ہڈی ، جواب تحریر کر رہی ہے کہ عورت بغیر طلاق کے جدا ہو گئی۔ اس لئے کہ شیعہ اثنا عشری کافر ہے اس سے ایک سنی عورت کا نکاح منعقد نہیں ہوا۔ لڑکے جو سنی باپ کے شیعہ ہو گئے ہیں وہ وارث جائیداد کے نہیں ہوں گے۔ باپ مسلمان تھا اولاد شیعہ ہو کر کافر ہو کر وارث نہیں بن سکتی ہے،

دلیل نمبر ۹

سامعین محترم ! علامہ گنگوہی کے بعد اور آگے نکل آیئے۔ دوسرے طبقے کی طرف آجایئے۔ علماء بریلی۔ جن کا قائد جن کا راہنماء بلکہ بقول بریلوی علماء۔ ان کا مجدد احترام کے ساتھ نام لوں گا مولانا احمد رضا خان فاضل بریلوی اپنے فتاوی رضویہ میں اور اپنے مختصر رسالہ ردالرفضہ میں تحریر کرتے ہیں کہ شیعہ اثنا عشری بد ترین کافر ہے اور الفاظ یہ ہیں مولانا احمد رضا خان بریلوی کے

کہ شیعہ بڑا ہو یا چھوٹا ۔۔۔۔۔ مرد ہو یا عورت ۔۔۔۔۔۔ شہری ہو یا دیہاتی کوئی ہو لاشک ۔۔۔۔۔ لاریب ۔۔۔۔۔۔ قطعاً۔ یقیناً خارج از اسلام ہے اور صرف اتنے پر ہی اکتفاء نہیں کرتے بلکہ مزید لکھتے ہیں من شك فى كفره وعذابه فقد كفر جو شخص

شیعہ کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔

یہ فتویٰ مولانا احمد رضا خان بریلوی کا ہے۔ جو فتاویٰ رضویہ میں موجود ہے۔ بلکہ احمد رضا خان نے یہاں تک شیعیت سے نفرت دلائی ہے کہ ایک شخص اگر پوچھتا ہے کہ کنویں میں شیعہ داخل ہو جائے تو کنویں کا سارا پانی نکالنا ہے یا کچھ ڈول نکالنے کے بعد کنواں پاک ہو جائے گا؟ میں بریلوی علماء سے ادب و احترام کے ساتھ درخواست کروں گا کہ کیا تم اپنے قائد کے اس فتوے پر آج عمل کرنے کے لئے تیار نہیں ہو؟ اگر بریلوی علماء میری بات نہ مانیں تو بریلوی نوجوانوں کو ہمارے اس موقف پر ہمدردانہ غور کرنا چاہئے۔

سائل پوچھتا ہے اعلیٰ حضرت بریلوی سے کہ کنویں میں شیعہ داخل ہو جائے تو سارا پانی نکال دیں تب کنواں پاک ہو گا یا کچھ ڈول نکال دیں تب کنواں پاک ہو گا؟ مولانا بریلوی لکھتے ہیں کہ سارا پانی نکال دو۔ تب کنواں پاک ہو گا، اور وجہ لکھتے ہیں کہ شیعہ ہمیشہ سنی کو حرام کھلانے کی کوشش کرتا ہے۔ اگر اس سے اور کچھ نہ ہو سکا تب بھی وہ اہلسنت کے کنویں میں پیشاب ضرور کر آئے گا........ اس لئے اس کنویں کا سارا پانی نکال دینا لازمی اور ضروری ہے اور یہ بات صرف مولانا بریلوی نے نہیں کہی۔ بلکہ شیخ العرب والعجم سید حسین احمد مدنی سے بھی کسی نے اسی طرح کی بات پوچھی تھی کہ شیعہ کا کھانا کھالیا جائے یا نہیں؟ تو شیخ العرب فرماتے ہیں کہ نہ کھایا جائے اور کچھ بھی نہیں کرے گا شیعہ تو کھانے میں تھوک ضرور ملائے گا اور تھوک ملا کر اہلسنت کے سپرد کرے گا۔

شیعہ سے اتنی نفرت کیوں؟

چنانچہ اسی واقعہ کی تائید بلکہ اس سے بھی زیادہ خطرناک بھکر کے ایک علاقہ سے بھی جس کے راوی مولانا محمد عبداللہ بھکر والے ہیں ان کے ایک دوست تھے جو تبلیغی

جماعت کے ساتھ کام کرتے تھے۔ لیکن ان کی ایک شیعہ کے ساتھ تجارتی دوستی تھی۔ تجارت میں ایک دوسرے کے پاس آتے جاتے تھے۔ آنا جانا تھا اس نے خود اپنی زندگی کا واقعہ مولانا عبداللہ کے سامنے پیش کیا۔ میں راوی عرض کر رہا ہوں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں اسی شیعہ کے پاس جس کے ساتھ میری تجارتی دوستی تھی گیا۔ اس نے میرے لئے کھانے کا انتظام کیا۔ جب کھانا میرے سامنے میز پر آیا میں ہاتھ بڑھانے لگا ہوں۔ دیہاتی ماحول تھا پردے کا کوئی خاص انتظام نہیں تھا اس کی بیوی، اس شیعہ کی سنی العقیدہ تھی۔ اس نے یوں ہاتھ ہلایا کہ کھانا مت کھایئے۔ میں ٹھٹھک گیا کہ میرے اس کے تجارتی معاملات میں لین دین ہے۔ ظالم نے کہیں زہر نہ ملا دیا ہو کہ یہ مرے اور جان چھوٹے۔

خیر وہ مجھے کہتا کھاؤ۔۔۔۔۔ میں دوبارہ ہاتھ آگے بڑھاتا۔۔۔۔۔۔ وہ عورت ہاتھ ہلاتی۔۔۔۔۔ اس نے بھی دیکھ لیا کہ میری بیوی اسے منع کر رہی ہے کہ کھانا مت کھاؤ۔ ۔۔۔۔۔ اس نے اسے کہا کیوں منع کرتی ہو۔۔۔۔۔ وہ جواب میں کہتی ہے میں نے تیج منع کیا ہے بحث طول پکڑ گئی۔۔۔۔۔ کہتا ہے کہ میں نے خود اس سے پوچھا کہ وجہ کیا ہے؟ چکر کیا ہے؟ اس نے بجائے اس کے کہ مجھے وجہ بتلاتا اپنی بیوی کو پیٹنا شروع کیا۔ مارنا شروع کیا۔ جب اس نے زیادہ تشدد کیا تو اس کی بیوی پکار اٹھی کہ اس ظالم نے میرے ساتھ ہمبستری کی ہے اور وہ گندگی اس کھانے میں ملا کر تیرے سامنے رکھ دیا ہے۔ میری مذہبی غیرت نے گوارہ نہیں کیا ہے کہ میں ایک مسلمان بھائی کو نجس کھانا کھلاؤں،

گرامی قدر! ایسے بیسیوں واقعات ہیں۔ آپ نے شیعیت پڑھی نہیں ہے آپ نے شیعت کا مطالعہ نہیں کیا ہے اس کی تاریخ اس کے عقائد اس کی شرارتوں سے آپ پوری طرح واقف نہیں ہیں۔ میں نے بلاوجہ نہیں کہہ دیا کہ شیعہ اس کائنات کا بدترین اور غلیظ

ترین کافر ہے میرے پاس یہ دلائل ہیں جس کی وجہ سے میں غلیظ ترین کافر کہہ رہا ہوں۔

دلیل نمبر ۱۰ خواجہ قمر الدین سیالوی کا فتوی

میں عرض یہ کر رہا تھا کہ مولانا احمد رضا خان بریلوی نے شیعہ کے کفر کا فتوی دیا ہے اور کھل کر فتوی دیا ہے۔ پنجاب کی مشہور ترین جگہ سیال شریف بریلوی مسلک سے تعلق رکھتی ہے خواجہ محمد قمر الدین سیالوی نے اپنی کتاب مذہب شیعہ میں کھل کے لکھا ہے شیعہ مسلمان نہیں۔ کائنات کا بد ترین کافر ہے۔ آپ خواجہ صاحب کی کتاب مذہب شیعہ لے کر پڑھ سکتے ہیں اور اپنی تسلی کر سکتے ہیں،

دلیل نمبر ۱۱

علماء اہلحدیث کے چشم و چراغ علماء اہل حدیث کی ریڑھ کی ہڈی۔ علماء اہلحدیث کی عزت اور آبرو۔ علماء اہل حدیث کی پگڑی اور دستار۔ علماء اہلحدیث کا فخر اور ناز علامہ احسان الٰہی ظہیر اپنی کتاب الشیعۃ والقرآن میں کھل کے لکھتے ہیں۔ شیعہ مسلمان نہیں۔ کائنات کا غلیظ ترین کافر ہے۔ میں نے تین مکتب فکر آپ کے سامنے پیش کیے کہ جن کی تقسیم برصغیر میں بد قسمتی سے ہو گئی ہے بریلوی۔ دیوبندی اور اہلحدیث اور اس سے پہلے کے مقتدر علماء کرام جنہیں بریلوی دیوبندی اہلحدیث مانتے ہوں۔ ان کے فتاوی جات بھی آپ کے سامنے رکھے ہیں،

دلیل نمبر ۱۲

مزید توجہ کیجئے۔ ہر عربی مدرسہ میں ایک کتاب پڑھائی جا رہی ہے۔ جسے حسامی

کہتے ہیں۔ اس میں ایک بحث آتی ہے۔ اجماع۔۔۔۔۔ اجماع۔۔۔۔۔۔۔ کی تعریف کیا ہے اس پر بحث کرتے ہوئے۔ اس میں تحریر کیا گیا ہے کہ جو شخص ابوبکرؓ کی امامت کا قائل نہ ہو جو شخص ابوبکر کی خلافت کا قائل نہ ہو وہ اجماع کا منکر ہو کر کافر ہے اسے مسلمان نہیں مانا جا سکتا۔۔۔۔۔۔ یہ کتاب ہر چھوٹے مدرسہ میں پڑھائی جاتی ہے۔ یہ کتاب ہر بڑے دارالعلوم میں پڑھائی جارہی ہے۔ کوئی مولوی نہیں ہے پورے برصغیر میں جس نے یہ کتاب نہ پڑھی ہو۔ جس نے اس کتاب کا درس نہ لیا ہو۔ جس نے بحث اجماع نہ پڑھی ہو۔

میں حیرت زدہ رہ جاتا ہوں۔ میں ششدر رہ جاتا ہوں۔ بعض اوقات میں سر پکڑ کر بیٹھ جاتا ہوں کہ جن علماء نے یہ بحث پڑھی ہے۔ اس بحث کے پڑھنے کے بعد بھی پھر وہ خاموش ہیں۔ شیعیت کے کفر کا منبر پر اعلان کیوں نہیں کرتے۔ شیعہ کے کفر پر فتاوی جات جرات کے ساتھ کیوں نہیں دیتے۔ شیعہ کے کفر کو امت کے سامنے بیان کیوں نہیں کرتے۔ شیعہ کے کفر کے بیان کے سلسلہ میں ہمارے سر پر ہاتھ کیوں نہیں رکھتے؟ میں سر پکڑ کر بیٹھ جاتا ہوں۔ کلیجہ منہ کو آتا ہے الہی کیا قیامت ٹوٹ گئی ہے اتنا مضبوط ترین مسئلہ۔ اتنا پرانا مسئلہ۔ اتنے مقتدر علماء کے فتاوی جات۔ صدیوں سے لکھی جانے والی بات ۔ آج ہم کہتے ہیں۔۔۔۔۔۔ شر ارتی تصور ہوتے ہیں۔۔۔۔۔ آج ہم بیان کرتے ہیں تخریب کار کہا جاتا ہے۔۔۔۔۔ آج ہم بیان کرتے ہیں ساتھ دینے کو کوئی تیار نہیں ہے۔ رب ذوالجلال کیا قیامت ٹوٹ گئی ہے کہاں گئے اہل حق؟ کہاں گئی جرأت؟ کہاں گئی مجدد الف ثانیؒ کی یلغار؟ کہاں گئی عطاءاللہؒ کی زبان۔ میں ششدر رہ جاتا ہوں۔ سر پکڑ پکڑ کے بیٹھ جاتا ہوں۔ ہم نے غلطی کیا کی ہے۔ ہم نے کونسی جدت کی ہے؟ ہم نے کون سا نیا مسئلہ پیدا کر دیا ہے؟ ہم نے کب اکابر کی راہ چھوڑی ہے؟ ہم نے کب اسلاف سے الگ

کوئی راستہ اختیار کیا ہے؟ یہ سب کچھ کتب میں موجود نہ ہو۔ میں اور سپاہ صحابہؓ کے نوجوان مجرم ہیں اور اگر یہ سب کچھ موجود ہے تو پھر فیصلہ کیجئے۔ ہمارا یہ طے شدہ فیصلہ ہے۔ ہم تختہ دار پر لٹک سکتے ہیں شیعہ کو کافر کہنے سے باز نہیں رہ سکتے،

سامعین گرامی قدر! میرا دعوی۔۔۔۔۔۔ کہ شیعہ کائنات کا بدترین غلیظ ترین کافر ہے اس دعوے پر علماء کی رائے آئی۔ موجودہ دور کے علماء نے کی ہے۔ موجودہ دور کے زندہ علماء، پاکستان۔ انڈیا۔ عرب امارات۔ سعودی عرب۔ بنگلہ دیش۔ دارالعلوم دیوبند۔ بریلوی اور اہل حدیث۔ موجودہ دور کے زندہ علماء کے فتاوی جات دو جلدوں میں چھپ چکے ہیں۔ استفتاء امام اہلسنت رئیس المناظرین۔ راس الاتقیاء منظور احمد نعمانی نے کیا ہے اور اپنے استفتاء میں وہ تین دلائل لائے۔ شیعہ کا وہ تبرا جو صحابہؓ پر کیا گیا ہے شیعہ کا قرآن کا انکار اور شیعہ کا مسئلہ امامت۔ یہ تین چیزیں انہوں نے استفتاء میں رکھی ہیں اور پوری دنیا کے علماء سے پھر فتوی طلب کیا ہے کہ ان حالات میں شیعہ مسلمان ہے یا کافر؟

آج برصغیر میں جو مقتدر علماء زندہ موجود ہیں سب نے بغیر کسی نزاع اور اختلاف کے جواب تحریر کیا ہے کہ شیعہ اثنا عشری کائنات کا بدترین کافر ہے۔ دو جلدوں میں یہ فتوی بھی چھپ کے ملک اور بیرون ملک میں تقسیم ہو چکا ہے۔ آپ اسے لے کر بھی پڑھ سکتے ہیں۔ میں اپنے دعوے پر پہلے متعدد علماء جو زندہ ہیں جو فوت ہو چکے ہیں۔ آئمہ مجتہدین اور فقہ حنفی بریلوی۔ دیوبندی اور اہل حدیث تینوں مکاتب فکر کے علماء کی رائے لایا ہوں کہ شیعہ کافر ہے،

دلیل نمبر ۱۳

اس سے آگے آیئے۔ شیعہ کتنا بڑا بدترین کافر ہے۔ کتنا غلیظ ترین کافر ہے؟

شیعیت کی کتب میں مشہور روایت موجود ہے ایک کافرہ عورت رسالت پناہؐ پر جب وہ گزرتے تھے کوڑا کرکٹ اٹھا کر پھینکا کرتی تھی بیمار ہوئی ہے گندگی نہیں پھینکی اس نے۔ آقا پوچھتے ہیں وہ عورت کہاں ہے؟ جواب ملتا ہے بیمار ہے۔ آقا بیمار پرسی کے لئے گئے اس کی بیمار پرسی کی۔ اس اخلاق سے متاثر ہو کر اس نے کلمہ پڑھ لیا۔ یہ سیرت کا مشہور ترین واقعہ ہے۔ میں دلیل کے طور پر یہ چیز لانا چاہتا ہوں کہ وہ عورت کافرہ عورت تھی۔ رسالت پناہ کو تکلیف دیا کرتی تھی بیمار ہوئی ہے۔ نبوت بیمار پرسی کے لئے تشریف لے گئی ہے۔ لیکن یہی رسول ﷺ یہی نبی۔۔۔۔ یہی آقا۔۔۔۔ یہی مرشد۔۔۔۔ یہی مولی۔۔۔۔ اعلان کرتا ہے، آخر زمانہ میں ایک قوم آئے گی اس کا نام رافضی ہو گا۔ میرے صحابہؓ پر وہ سب کرے گی۔ میرے صحابہؓ پر تبرا کرے گی۔ میرے صحابہؓ کو گالی دے گی۔ رسالتؐ کہتی ہے ان میں سے کوئی بیمار ہو۔ پوچھئے مت۔۔ مر جائے۔۔ جنازہ مت پڑھئے۔۔ تمہارا مر جائے تو اپنے جنازہ میں اسے شریک مت کریئے۔ لاتجالسوا هم ولاتا کلوا هم ولا تباشروا هم ولا تصلوا علیهم ولا تصلوا معهم پیغمبر ﷺ کے اس فیصلے نے بتلا دیا کہ جو رسول ﷺ ایک کافرہ کی بیمار پرسی کے لئے گیا ہے وہی رسول پیغمبر کے صحابہ کے دشمن کی بیمار پرسی سے روک رہا ہے۔ پتہ چلتا ہے کہ صحابہ کا دشمن وہ بدترین کافر ہے کہ جس کی بیمار پرسی تک کی بھی نبوت نے اجازت نہیں دی ہے، میں نے اس بنیاد پر کہا کہ شیعہ کائنات کا بدترین غلیظ ترین کافر ہے،

دلیل نمبر ۱۴

توجہ کیجئے۔ صحابہ کا دشمن اتنا غلیظ ترین دشمن ہے۔ جنازہ سامنے پڑا ہے۔ رسالت مآبؐ جنازہ نہیں پڑھتے۔ واپس لوٹتے ہیں۔ تمام تر اخلاق کے باوجود جنازہ نہیں

پڑھتے اور جب صحابی سوال کرتے ہیں آقا کیوں جنازہ نہیں پڑھا۔ فرمایا اس مردود کے دل میں عثمانؓ کا بغض ہے اور جس کے دل میں عثمانؓ کا بغض ہو اس پر اللہ کا غضب اترا کرتا ہے۔ رحمت للعالمین جو کبھی ابن ابی کا جنازہ پڑھنے تک کے لئے تیار تھے اور رب نے روکا تھا کہ نہیں پڑھنا۔ وہی رسول ﷺ ہے وہی قائد ہے وہی آقا ہے لیکن مسئلہ کی وضاحت کر رہا ہے کہ جس کے دل میں اصحاب رسولؐ کا بغض ہے وہ اتنا غلیظ کافر ہے کہ رسولؐ اس کا جنازہ پڑھنا نہیں چاہتا۔ یہ حقیقتیں ہیں اور حقائق مقدس ہوتے ہیں ان پر زیادہ دیر پردہ نہیں ڈالا جاسکتا۔ انہوں نے بہر حال نکھرنا ہے؟

شیعیت کے لئے اتنی شدت کیوں؟

سامعین محترم! علماء کے فتاوی جات، رسالت مآب ﷺ کا عمل، پیغمبر اسلام ﷺ کی ہدایات۔ آپ کے سامنے آگئی ہیں۔ رب ذوالجلال کا ارشاد۔۔۔۔۔۔۔ کہ شیعہ کیا ہے اس کو پیش کرنے سے پہلے میں یہ لازمی سمجھتا ہوں کہ اس حقیقت سے پردہ اٹھاتا جاؤں کہ آخر شیعہ کے لئے اتنی شدت کیوں ہے؟ یہ فتاوی جات کیوں آئے؟ اس کی کئی وجوہات ہیں، توجہ رہے۔ شیعہ وہ فرقہ ہے کہ جس کی ہر چیز پوری ملت اسلامیہ سے جدا ہے۔ رب پر شیعہ آپ کے ساتھ متفق نہیں ہے۔ رب کے رسولؐ پر شیعہ آپ کے ساتھ متفق نہیں ہے۔ اصحاب رسولؐ پر شیعہ آپ کے ساتھ متفق نہیں ہے۔ قرآن پر شیعہ آپ کے ساتھ متفق نہیں ہے۔ امہات المومنینؓ پر شیعہ آپ سے اتفاق نہیں کرتا۔ آذان پر شیعہ آپ سے متفق نہیں ہے۔ نماز، نکاح، طلاق، حج، زکوۃ، روزہ اس پر بھی شیعہ آپ

سے متفق نہیں ہے۔ کوئی ایک مسئلہ میں آپ کو بھی شیعہ کو بھی، حکومت کو بھی چیلنج کرتا ہوں کہ کوئی ایک مسئلہ شیعہ کا ایسا لاؤ جس مسئلہ پر سنی متفق ہو سکتے ہوں۔ یعنی وہ مسئلہ شیعہ اور سنی کا متفق ہو ایک مسئلہ پیش کر دو۔ میں معافی بھی مانگوں گا۔ یہ سرگرمیاں بھی چھوڑ دوں گا۔ معذرت بھی کروں گا۔ ملک چھوڑ دوں گا۔ معذرت بھی کروں گا جلاوطنی قبول کر لوں گا۔ ایک مسئلہ لاؤ۔ چیلنج، چیلنج، چیلنج تحدی تحدی کے ساتھ کہتا ہوں ایک مسئلہ لاؤ جس پر شیعہ اور پوری دنیا کے مسلمانوں کا اتفاق ہو جائے،

شدت کی وجہ نمبر ۱

آپ جس کو رب مانتے ہیں وہ یہ ہے کہ وہ بھولتا نہیں۔ سوتا نہیں۔ غلطی نہیں کرتا۔ شیعہ جسے رب مان رہے ہیں انہوں نے تحریر کی ہے کہ وہ رب کبھی کبھی غلطی کر جاتا ہے۔ اسے مغالطہ لگتا ہے مغالطہ میں ایک اعلان کر بیٹھتا ہے۔ بعد میں سمجھ آتی ہے کہ غلطی ہو گئی، پھر اس کا نام انہوں نے مسئلہ بدا رکھا ہے کہ رب بھول جاتا ہے۔ غلطی کر جاتا ہے پھر مثال پیش کی ہے کہ رب نے اماموں کو اطلاع دی تھی کہ مہدی فلاں سن میں آئے گا سن گزر گیا۔ مہدی نہیں آیا۔ لوگوں نے امام سے سوال کیا ہے کہ وہ سن تو گزر چکا ہے۔ مہدی کیوں نہیں آئے؟ تو امام جواب دیتا ہے کہ رب کو بدا ہوا ہے۔ غلطی لگ گئی ہے۔ اب مہدی فلاں سن میں آئے گا۔ سن متعین ہو گیا انتظار شروع ہو گئی وہ سن بھی گزر جاتا ہے پھر لوگ سوال کرتے ہیں امام سے کہ وہ سن بھی بیت گیا اب بھی مہدی نہیں آیا وجہ؟ امام جواب دیتے ہیں رب کو غلطی لگ گئی ہے بدا ہو گیا ہے کیا بدا ہوا ہے۔ رب کو پتہ نہیں تھا کہ لوگ حسینؓ کو شہید کر دیں گے۔ جب لوگوں نے حسینؓ کو شہید کیا ہے رب کو غصہ آیا ہے اس نے غیر معینہ مدت تک کے لئے مہدی کی آمد ملتوی کر دی ہے۔ بدا کے نام

سے یہ کفر۔۔۔۔بدا کے نام سے یہ دجل۔۔۔۔۔۔بدا کے نام سے یہ شیطنت۔۔۔۔بدأ کے نام سے یہ ضلالت۔۔۔۔۔بدأ کے نام سے یہ غلاظت۔۔۔۔۔شیعہ کتب میں شیعہ فقہ میں موجود نہ ہو مجھے چوک میں گولی ماردیجائے۔۔۔۔۔اگر موجود ہے اور یقیناً ہے۔۔۔۔۔شیعہ کل بھی کافر تھا شیعہ آج بھی کافر ہے شیعہ کل بھی دجال تھا شیعہ آج بھی دجال ہے۔۔۔۔

شیعہ کل بھی شیطان تھا شیعہ آج بھی شیطان ہے،

آپ رب کی یہی تعریف مانتے ہیں؟ آپ اسی طرح کے رب کے قائل ہیں؟ جو مغالطہ میں آجاتا ہو؟ آپ اسی رب کے قائل ہیں جو بھول جاتا ہو؟ مسلمان کس رب کے قائل ہیں۔ قرآن میں رسول ﷺ نے کس رب کا تعارف کروایا ہے؟ جو بھولتا نہیں ہے جو سوتا نہیں جو ڈرتا نہیں جو دھوکہ نہیں کرتا ہے۔ رب کا یہ تعارف قرآن نے سنت نے رسول نے کرایا ہے اور چودہ سو سال سے امت رب کو اسی وصف کے ساتھ مانتی ہے لیکن شیعہ رب کا یہ وصف اور یہ توصیف نہیں مان رہا ہے وہ کہتا ہے اسے مغالطہ ہوتا ہے اسے غلطی لگ جاتی ہے،

رب کے بعد رسولؐ کا نمبر ہے رسولؐ بھی وہ جو تمام رسولوں کا سربراہ۔۔۔۔۔رسولؐ بھی وہ جو امام الکونین ہے۔۔۔۔۔رسولؐ بھی وہ جو خاتم الرسل ہے۔۔۔۔۔ رسولؐ بھی وہ جو امام القبلتین ہے۔۔۔۔۔رسولؐ بھی وہ جو رسول الثقلین ہے۔ رسولؐ بھی وہ جو رحمت اللعالمین ہے۔ رسولؐ بھی وہ۔ کہ جس کے لئے چودہ سو سال کی پوری امت یہ تعریف مدح ثنا کرنے کے بعد یہ لکھنے پر مجبور ہو گئی ہے

لا یمکن الثناء کما کان حقہ

بعد از خدائی بزرگ توئی قصہ مختصر

وجہ نمبر ۲

میں نے عرض کیا ہے اور میں نے آپ سے وعدہ کیا ہے کہ میری آج کی گفتگو یادگار گفتگو ہوگی۔ میں تھوڑا آگے چل کر تقریر نہیں، تقریر نہیں آتش برسانا چاہتا ہوں۔ ملک میں آگ لگے۔۔۔۔ چاہے نہ لگے۔ امن رہے نہ رہے۔۔۔۔۔ امن برباد ہو چاہے رہے۔۔۔۔۔ مجھے اس سے کوئی بحث نہیں، حقائق مقدس ہوتے ہیں اور میں حقائق سے پردہ ہٹانا لازمی سمجھتا ہوں۔ حقیقت نہ ہو سزا کا مستحق ہوں۔ حقیقت ہو تو پھر حکومت مجھے سزا کیوں دے؟ تم ساتھ کیوں نہیں دیتے؟ اس دھرتی پر محمد رسول اللہ ﷺ سب سے بڑی ہستی ہیں رب کے بعد۔ شیعہ یہ عقیدہ نہیں رکھتا ہے۔ ذمہ داری کے ساتھ۔ شیعہ کا مجتہد۔ شیعہ کا بہت بڑا پادری پال۔ پنڈت۔ مولوی اسلام کی اصطلاح ہے۔ مولوی مسلمان کو کہا جاتا ہے۔ کافر کو مولوی نہیں کہا جاتا۔ باقر مجلسی ملعون اپنی بدنام زمانہ کتاب غلیظ ترین کتاب۔۔۔۔ اور یہ باقر مجلسی وہ ہے جس کی تعریف خمینی کرتا ہے جسے خمینی اپنا مقتدی اور رہبر تسلیم کرتا ہے یہ اپنی کتاب حق الیقین میں لکھتا ہے اور یہ حق الیقین ایران سے چھپ کر پاکستان میں تقسیم ہوئی ہے اس میں وہ لکھتا ہے کہ جس دن مہدی ظہور کرے گا سر سے پاؤں تک ننگا ہوگا اور سب سے پہلے مہدی کے ہاتھ پر جو ہستی بیعت کرے گی وہ محمد رسول اللہ کی ذات ہوگی،

پڑھے لکھے لوگو! حکمرانو، عوام، علماء، سکالرو وکلاء! تمہیں تمہاری ماں کے دودھ کا واسطہ دے کر کہتا ہوں کہ کیا تم واقعی محمد رسول اللہ کو ایسا ہی رسولؐ مانتے ہو کیا اب کوئی ایسی شخصیت آئے گی جس کے ہاتھ پر محمد رسول اللہؐ بیعت کریں گے؟ تم اسی رسولؐ کے قائل ہو؟ باقر مجلسی ملعون نے میرے رسول ﷺ کو گالی دی ہے۔ میرے پیغمبرؐ کو

مہدی کا مرید کہا ہے۔ میرے رسول ﷺ کو مہدی کے ہاتھ پر بیعت کرا کر مہدی کا رضاکار کہا ہے۔بدترین توہین ہے۔بدترین گستاخی ہے تم اس رشدی کو روتے ہو جو تمہاری دسترس سے باہر ہے۔ میں پاکستان کے رشدیوں کو روتا ہوں جو اس سرزمین پر اس دھرتی پر بیٹھ کر رسول ﷺ کو گالی دے رہے ہیں۔امام الکونینؐ کی بیعت مہدی کے ہاتھ پر؟ امام الرسلؐ کی بیعت مہدی کے ہاتھ پر؟ کیا مسلمان اس کفریہ نظریئے کو برداشت کر سکتا ہے؟ آپ رسولؐ کی یہی حیثیت مانتے ہیں؟ آپ کی نگاہ میں رسالتؐ کی عظمت یہی ہے؟ اسی طرز کا رسولؐ مانتے ہیں؟

وجہ نمبر ۳

سامعین محترم! رسالت مآبؐ کے بعد نمبر دو پر باقی انبیاء ہیں یا نہیں؟ رسالت مآبؐ کے بعد نمبر دو۔۔۔۔۔باقی انبیاء کا ہے، توجہ کیجئے۔باقی رسولوں کے ساتھ شیعیت نے کیا کیا۔ آدم جدالانبیاء کو۔اب الانبیاء کو، پوری انسانیت کے باپ کو شیعوں نے اپنی ملعون ترین کتاب۔اپنی لعین تحریر کے ساتھ۔ اپنی غلیظ تحریر میں۔ اپنی ملعون اور بدنام زمانہ کتاب اصول کافی میں جدالانبیاء اب الانبیاء پوری انسانیت کے باپ حضرت آدم کو کافر تحریر کیا ہے

جرات کے ساتھ کہتا ہوں۔ تحدی کے ساتھ کہتا ہوں۔ چیلنج کے ساتھ کہتا ہوں۔ اصول کافی کا ملعون مصنف محمد بن یعقوب کلینی تحریر کرتا ہے کہ کفر کے تین اصول ہیں جن میں سے کفر کی ایک اصل شیطان میں پائی جاتی ہے اور کفر کی ایک اصل آدم میں پائی جاتی ہے

وجہ نمبر ۴

آیئے پڑھیے۔ شیعو! شیعو! انشاء اللہ زندگی رہی تو وہ وقت آئے گا کہ تمہیں ایران بھاگنے پر مجبور کر دیا جائے گا (انشاء اللہ) تم وہ بدترین کافر ہو۔ تم نے انسانیت کے باپ کا بھی خیال نہ کیا۔ تم نے اب الانبیاء کا بھی لحاظ نہ کیا۔ اٹھایئے اصول کافی۔ باب اصول الکفر وارکانہ۔ یہ باقاعدہ سرخی قائم ہے اور اس کے نیچے پہلی لائن ہے کہ کفر کے تین اصول ہیں۔ جن میں سے ایک شیطان میں پایا جاتا ہے اور ایک آدم میں۔ نقل کفر کفر نہ باشد۔ آگے آیئے شیعہ باقی انبیاء پر ہاتھ صاف کرتا ہے اور ہاتھ صاف کرتے کرتے لکھتا ہے کہ کئی نبی ایسے آئے کہ جنہوں نے اماموں کی امامت تسلیم نہیں کی تھی۔ رب نے انہیں سزائیں دی ہیں۔ پھر مثال کے طور پر سیدنا یونس علیہ السلام کا واقعہ پیش کرتا ہے کہ رب نے ان کو کہا تھا کہ بارہ امام مانو۔۔۔۔ یونسؑ نے انکار کر دیا تھا جس کی وجہ سے رب نے سزا دی۔ رب نے عذاب دیا اور مچھلی کے پیٹ میں ڈال دیا۔

وجہ نمبر ۵

مسلمانو! بتاؤ اس سے زیادہ گندہ۔ اس سے زیادہ غلیظ کفر کوئی اور بک سکتا ہے؟ حد ہو گئی بے حیائی کی۔ رسالت پناہ کے بعد باقی رسولوں پر بھی شیعیت نے یوں ہاتھ صاف کیا ہے محمد رسول اللہ اور دیگر انبیاء کے بعد درجہ ابوبکرؓ کا ہے۔ پھر عمرؓ بن خطاب کا ہے۔ پھر عثمان بن عفان کا ہے لیکن میں سردست ان کا تذکرہ کیئے بغیر حیدر کرار پر آتا ہوں۔ شاید کسی کے دل میں وہم ہو کہ شیعہ علیؓ کو تو مانتے ہیں، توجہ کیجئے۔ شیعیت نے علی کا نقشہ کیا کھینچا ہے شیعہ کی معتبر کتاب تفسیر جس کا اردو زبان میں ترجمہ پاکستان میں آثار حیدری کے

نام سے کر دیا گیا ہے اس میں تحریر کیا گیا ہے کہ کچھ لوگ ایسے تھے جو علی کو امام نہیں مانتے تھے۔ تبرے کا انداز دیکھ ۔۔۔۔ گالی کا انداز دیکھ ۔۔۔۔ غلاظت بجنے کا انداز دیکھ ۔۔۔۔۔ لکھتا ہے یہ کہ کچھ لوگ جو ناصبی تھے علی کو امام نہیں مانتے تھے علی کو خلیفہ نہیں مانتے تھے وہ خوبصورت کپڑے پہن کر گھر سے باہر نکلے۔ شام واپس آئے۔ وہ کپڑے اتار کر شب خوابی کا لباس پہننا چاہتے تھے کہ کپڑے جسم کے ساتھ چمٹ گئے۔ کپڑوں سے آواز آئی علیؑ کو امام مانو۔ تب ہم اتریں گے۔ ورنہ نہیں اترتے۔ مجبور ہو گئے ۔۔۔۔ امام مانا کپڑے اتر گئے ۔۔۔۔ پھر کھانا کھانے بیٹھے لقمے اٹک گئے حلق میں ۔۔۔۔۔ روٹی کا لقمہ نیچے نہیں اترتا تھا ۔۔۔۔ روٹی کے لقمے آواز دیتے تھے علیؑ کو امام مانو۔ تب ہم نیچے اتریں گے۔ ورنہ ہم نیچے نہیں اترنے کو تیار۔ مجبور ہوئے علی کو امام مانا۔ تب کھانا اندر گیا۔ کھانے سے فارغ ہوئے

